106473 - روزے کی حالت میں گالی گلوچ کرنا

سوال

کیا رمضان المبارک میں اگر کوئی شخص غصہ کی حالت میں کسی کو ڈانٹ دے یا گالی نکالے تو اس کا روزہ ٹوٹ جائیگا یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" اس کا روزہ تو نہیں ٹوٹتا، لیکن روزے کے اجروثواب میں کمی ضرور ہو جاتی ہے، اس لیے مسلمان شخص کو اپنے آپ پر کنٹرول کرنا چاہیے، اور اپنی زبان کی حفاظت کرتے ہوئے نہ تو گالی گلوچ کرنی چاہیے اور نہ ہی کسی کی غیبت و چغلی وغیرہ.

کیونکہ یہ تو عام حالت میں بھی حرام ہے، اور خاص کر روزے کی حالت میں تو اور بھی زیادہ حرام ہو جاتی ہے، کیونکہ روزے کی تکمیل ہی اسی میں ہے کہ لغو اور فضول کلام سے پرہیز کی جائے، اور لوگوں کو اذیت و تکلیف دینے سے احتراز کیا جائے.

کیونکہ یہ سب کچھ تو فتنہ و فساد اور بغض و عناد اور تفرقہ کا باعث ہیں.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جب تم میں سے کسی شخص کا روزہ ہو تو وہ بری کلام مت کرے، اور اگر کوئی اسے گالی نکالے یا اس سے لڑائی کرے تو وہ اسے کہے میرا روزہ ہے "

متفق علیہ.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی.

الشيخ عبد العزيز بن عب الله بن باز

الشيخ عبد الرزاق عفيفى.

الشيخ عبد الله بن غديان.

الشيخ عبد الله بن قعود.